# اندیسوا فٹ بال کا ستارہ

Eden Daniels
Eden Daniels
Samrina Sana
2
اردو ur

اندیسوا اُن لڑکوں دیکھتی تھی جو فٹبال کھیلتے تھے۔ اُس کی خواہش تھی کہ وہ اُن کے ساتھ شامل ہو۔ اُس نے کوچ سے پوچھا کہ کیا وہ اُن کے ساتھ کھیل سکتی ہے؟

کوچ نے اپنے ہاتھ کوہلوں پر رکھتے ہوئے کہا اس سکول میں صرف لڑکوں کو فٹبال کھیلنے کی اجازت ہے۔ اُس نے کہا۔

لڑکوں نے اُسے بتایا کہ وہ نیٹ بال میں جائے۔ اُنہوں نے کہا نیٹ بال لڑکیوں کے لیے جبکہ فٹ بال لڑکوں کے لیے۔ اندیسوا بہت اُداس تھی۔

اگلے دن سکول کا ایک بہت بڑا فٹبال کا میچ تھا۔ کوچ بہت پریشان تھا کیونکہ اُس کا سب سے بہترین کھلاڑی بیمار تھا اور وہ کھیل نہیں سکتا تھا۔

اندیسوا بھاگتی ہوئی کوچ کے پاس گئی۔ اور اُس نے منت کی کہ اُسے کھیلنے دیا جائے۔ کوچ کو سمجھ نہیں آ رہا تھا کہ وہ کیا کرے۔ پھر اُس نے فیصلہ کیا کہ اندیسوا ٹیم میں شامل ہو سکتی ہے۔

کھیل بہت سخت تھا۔ کسی نے بھی آدھے وقت میں گول نہیں کیا تھا۔

کھیل کے نصف وقت کے دوران ایک لڑکے نے اندیسوا کو گیند دیا۔ وہ تیزی سے بھاگتی ہوئی گول کی طرف گئی اُس نے گیند کو بہت زور سے لات ماری اور گول کر دیا۔

ہجوم خوشی سے جھوم اُٹھا اُس دن سے لڑکیوں کو بھی سکول میں فٹبال کھیلنے کی اجازت مل گئی۔

# Global Storybooks

globalstorybooks.net

## اندیسوا فٹ بال کا ستارہ

Eden Daniels
Eden Daniels
Samrina Sana

CC BY NC